

ماہنامہ "النعمان" | دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی تحصیل چارسدہ۔ ضلع پشاور

دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی چارسدہ، قدیم مدرسہ ہے اور یوم تاسیس سے اشاعت تبلیغ دین تعلیم و دریس اور دین کے مختلف شعبوں میں مصروف خدمت ہے۔ دور افتادہ اور خالص پشتو میں ہونے کی وجہ سے ہنامہ النعمان (اردو) کا اجرا علوم نبوت کی کرامت ہے۔

محرم سے اب تک چھ پرچے منظر عام پر آچکے ہیں۔ مدیر النعمان مولانا روح اللہ کی ادارتی تحریریں اور مضامین علمی وتبلیغی اور اشاعتی افادیت مولانا محمد ادریس حقانی کا سلسلہ مضامین، نافع اور ادبی لکھنے پڑھنے االعاقی ذوق رکھنے والوں کے لئے قابل استفادہ اور نفع بخش ہے۔

ہماری دعا ہے کہ باری تعالیٰ النعمان کو صرف صوبہ سرحد اور مملکت پاکستان ہی میں نہیں بلکہ پوری ملت لئے باعث ہدایت اور منارۂ نور بنادے۔ (ع۔ق۔ح)

شرح الکافیہ (عربی) | تالیف عثمان بن عمر المعروف بابن الحاجب۔ صفحات ۱۳۸۔ قیمت درج نہیں۔ سعید کمپنی۔ ادب منزل۔ پاکستان چوک کراچی۔

کافیہ، نحو کا مشہور متن اور درس نظامی کی معروف کتاب ہے جو طلباء علوم دینیہ کے خصوصی توجہ، محنت و مطالعہ تکرار و حفظ قواعد اور پڑھانے والے اساتذہ کے لئے بھی خصوصی محنت و مطالعہ کا مرکز بنی رہتی ہے ویسے فیہ کی افادیت کے پیش نظر اس کی درجنوں شروحات لکھی گئی ہیں۔ مگر علی العموم اکثر شارحین سے شرح کے دوران سے بتنگڑ بن جاتی ہے۔ اور بعض اوقات شارحین ایسے سوالات وجوابات، نقطے اور صاحب متن سے منسوب ت و احتمالات کا ذکر کرتے ہیں جو بیچارے صاحب متن کے حاشیۂ خیال اور وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتے۔ صرہ کتاب شرح الکافیہ اس لحاظ سے منفرد و امتیازی خصوصیت کی حامل ہے کہ خود صاحب متن کی اپنی یف ہے۔ جو اختصار کے باوجود حل کتاب میں مفید اور ضروری مسائل کو جامع ہے۔ مدرسین اور باذوق کے لئے ایک گراں قدر علمی تحفہ ہے۔ اگر اہل علم اپنے نادر اور مفید مطبوعات کی قدر افزائی کریں گے تو ناشرین